**10.04.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. ارجمند علی خان

**Music**

☆ وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندرمودی نے کہا ہے کہ تمل ناڈو نے خلاء کے شعبے میں بھارت کو آگے لے جانے میں اہم تعاون کیا ہے۔

☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ہومیوپیتھی کی مقبولیت بڑھانے کے لئے تحقیق اور پیشہ ورانہ مہارت اہم ہے۔

☆ راجیہ سبھا کے دس نو منتخبہ ممبران نے حلف لیا ہے۔

☆ دلی کی ایک عدالت نے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کی اس درخواست کو خارج کردیا ہے جس میں انہوں نے عدالتی تحویل میں اپنے وکیلوں سے ملنے کے لئے زیادہ وقت مانگا تھا۔

☆ بھارتی موسمیات کے محکمے نے آج مہاراشٹر اور

مدھیہ پردیش میں بارش کے لئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

اور آئی پی ایل کرکٹ میں :

☆ آج شام جے پور میں راجستھان رائلز کا مقابلہ گجرات ٹائٹن سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Vellore Rally**

وزیراعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے کہا کہ آج بھارت دنیا میں بڑی طاقت کے طور پر ابھر رہا ہے اور اس سلسلے میں تمل ناڈو نے ایک بڑا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے آج Vellore میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو خلائی شعبے میں آگے لے جانے میں تمل ناڈو نے ایک بڑا رول ادا کیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ گزشتہ دس سال میں NDA نے ترقی یافتہ بھارت کی بنیاد تیار کی ہے۔ وزیراعظم نے اس طرف توجہ دلائی کہ 2014 سے پہلے ہماری معیشت کمزور تھی اور دھاندلیوں سے متعلق خبریں چھائی رہتی تھیں۔

جناب مودی نے بنگلور میں NDA کی دو ساتھی پارٹیوں Pattali Makkal Kachi کے دھرما پوری کے امیدوار Soumya Anbumani اور نیو جسٹس پارٹی Vellore کے امیدوار AC Shanmugma کی حمایت میں تقریر

کی تھی جو BJP کے انتخابی نشان پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔
اسی دوران کُل ہند انّا ڈی ایم کے اور کانگریس پارٹی کے رہنما ریاست کے مختلف حصوں میں اپنے امیدواروں کی حمایت میں ریلیاں کررہے ہیں۔

**PM Amar Ujala**

بی جے پی کے سینئر رہنما وزیراعظم نریندرمودی نے کانگریس پر اتراکھنڈ کے مفاد میں کبھی بھی کام نہ کرنے کا الزام لگایا ہے۔ ایک ہندی روزنامے کو دےئے گئے انٹرویو میں جناب مودی نے خود کو دیو بھومی کا ایک خدمت گارکہا اورکہا کہ پہاڑی علاقوں ، خاص طورسے اتراکھنڈ کو دہائیوں سے نظرانداز کیا گیا ہے۔ انہوں نے مبینہ طور پر کہا کہ برسراقتدارافراد کے درمیان دیو بھومی کے عوام کے مفادکے لئے کام کرنے کی خاطر نظریات اور قوت ارادی کی کمی رہی۔ جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے روحانیت کی تلاش میں اور بعد میں بی جے پی کے ایک ورکر کی حیثیت سے اتراکھنڈ میں کافی وقت گزارا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پہاڑی علاقوں میں‌رہنے والے لوگوں کی مشکلات سے واقف ہیں۔

**President Homeo Pathic**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ ہومیوپیتھی کی مقبولیت میں اضافے کی خاطرتحقیق اور پیشہ ورانہ مہارت اہمیت کے حامل ہیں اور ہومیوپیتھی کو موثر بنانے کے لئے معتبر طبی تحقیق کی ضرورت ہے۔ صدر جمہوریہ ہومیو پیتھی کے عالمی دن کے موقع پر نئی دلی میں ہومیو پیتھی پر دو روزہ سمپوزیم سے خطاب کررہی تھیں۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک ایسے طریقہ علاج کی حیثیت سے ہومیو پیتھی کو عالمی سطح پرتسلیم کئے جانے کی ستائش کی جس تک سب کی رسائی ممکن ہے اور بھارت میں ہومیو پیتھی کو فروغ دینے میں کوششوں کے لئے آیوش کی وزرات سمیت ہومیو پیتھی کے قومی ادارے کی کوششوں کو سراہا۔

**Rajya Sabha Oath**

راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے پارلیمنٹ ہاؤس میں راجیہ سبھا کیلئے منتخب کئے گئے آج 10 ممبروں کو حلف دلایا۔ ان میں یہ ممبر بھی شامل ہیں۔

بی جے پی کے Mayankbhai jaydevbhai Nayak
شیو سینا شنڈے کے Milin Murli Deora
کانگریس کی رینوکا چودھری
سماج وادی پارٹی کے رام جی لال سُمن اور TMC کی Sagarika Ghose ۔

**PM Ireland**

وزیراعظم نریندرمودی نے سائمن ہیرس کو آئرلینڈ کا سب سے کم عمر وزیراعظم بننے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ آئرلینڈ کے ساتھ جمہوری اقدار پرمبنی بھارت کے تاریخی رشتوں کو اہمیت کا حامل سمجھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ بھارت اور آئرلینڈ کی باہمی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے لئے مل کرکام کرنے کے منتظرہیں۔

## Assam Sveep Intivative

آسام میں کامروپ ضلع انتظامیہ نے لوک سبھا انتخابات میں ووٹروں کی تعداد بڑھانے کی غرض سے ایک منفرد پہل قدمی کی ہے۔ کامروپ کے ضلع کمشنر نے بتایا کہ ایک لاکھ سے زیادہ طلباء نے اپنے والدین اور سرپرستوں کو خطوط بھیجے ہیں جن میں اُن سے ووٹ دینے کی اپیل کی گئی ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس مہم میں آٹھویں سے لے کر بارہویں جماعت تک کے **526** اسکولوں کے طلباء نے حصہ لیا۔

## Rahul Cangress

کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے آج کہا کہ یہ لوک سبھا چناؤ دو نظریات کے درمیان ایک مقابلہ ہے۔سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب گاندھی نے دعویٰ کیا کہ ایک طرف کانگریس ہے، جس نے ہمیشہ بھارت کو متحد کیا ہے اور دوسری طرف وہ ہیں جنہوں نے ہمیشہ یہاں کے عوام کو منقسم کرنے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ کون لوگ ملک کو تقسیم کرنے والی قوتوں کے ساتھ تھے اور کون ملک کو متحد کرنے اور آزادی دلانے کے لئے جدوجہد کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت چھوڑو تحریک کے دوران بھارت کی جیلیں کانگریس لیڈروں سے بھر گئی تھیں۔

## Court

دلی کی ایک عدالت نے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی اُس درخواست کو خارج کردیا جس میں انھوں نے عدالتی تحویل کے دوران اپنے وکیلوں سے ملنے کیلئے اور زیادہ وقت دیئے جانے کی استدعا کی تھی۔ CBI اور انفورسمنٹ ڈائریکٹور کے مقدمات کی سماعت کرنے والی خصوصی جج کاویری بویجا نے درخواست کو رد کرتے ہوئے کہا کہ زیادہ وقت دیئے جانے کیلئے خاطر خواہ وجوہات نہیں دی گئی۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے کجریوال کی درخواست کی مخالفت کی اور کہا کہ محض جیل سے حکومت چلانے کیلئے اُن کے ساتھ خصوصی سلوک نہیں کیا جاسکتا۔ کجریوال کے وکیل نے دلیل دی کہ دلی کے وزیراعلیٰ کے خلاف کئی مقدمے زیر سماعت ہیں اور صلاح مشورے اور ہدایات دینے کیلئے ہفتے میں انھیں ایک گھنٹے کا وقت دیا جانا ناکافی ہے۔

ڈائریکٹوریٹ کے وکیل نے کجریوال کی اپنے وکیلوں سے ہر ہفتے پانچ بار ملنے کی درخواست کی مخالفت کی اور کہا کہ یہ جیل کے ضابطوں کے خلاف ہے۔ مرکزی جانچ ایجنسی نے عدالت کو بتایا کہ عام ضابطوں کے مطابق ایک بار کی بجائے کجریوال کو پہلے ہی اپنے وکیلوں سے دو میٹنگیں کرنے کی اجازت حاصل ہے۔

## BJP AAP Kejriwal

بی جے پی نے آج نئی دلی میں اپنا احتجاج جاری رکھا اور اس نے شراب پالیسی کے مبینہ گڑبڑھ گھوٹالے میں ملوث ہونے کی بنا پر دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے استعفےٰ کی مانگ کی۔ دلی BJP کے سربراہ Virendra Sachdeva پارٹی کارکنوں کی قیادت کررہے تھے۔ انھوں نے اپنی مانگ کے حق میں نعرے لگائے۔ جناب Sachdeva نے دلی ہائی کورٹ کی طرف سے کجریوال کی درخواست رد کئے جانے کے بعد نامہ نگاروں سے کہا کہ کجریوال کو وزیراعلیٰ کے عہدے پر فائز رہنے کا کوئی حق نہیں ہے اور انھیں فوری طور پر استعفیٰ دے دینا چاہیے۔

انھوں نے دلی جل بورڈ اور شہر کے تعلیم کے محکمے میں مبینہ بدعنوانیوں کا ذکر کیا اور جناب کجریوال کو نشانہ بنایا۔
اِسی دوران جناب کجریوال نے ہائی کورٹ کی طرف سے اپنی درخواست خارج کئے جانے کے بعد سپریم کورٹ سے رجوع کیا ہے۔

**J&K Eidul Fitr**

جموں وکشمیر میں آج عیدالفطر مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ یہ تہوار رمضان المبارک کے مہینے کے اختتام پر عید کی نماز ادا کرکے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرکے منایا جاتاہے۔ پوری کشمیروادی میں لوگوں نے آج صبح مختلف مساجد میں عیدالفطر کی نماز ادا کی۔ اس دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے عیدالفطر کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

**TNN Fishrrmen**

سری لنکا کی جیلوں سے رہا کئے گئے 19 بھارتی ماہی گیر آج صبح چنئی پہنچے۔ رام ناتھ پورم ضلع کے اکیس ماہی گیر سترہ مارچ کو دو کشتیوں میں مچھلیاں پکڑنے گئے تھے۔ ایسا کہا گیا ہے کہ ان کی کشتیاں بین الاقوامی آبی حدود کو پار کرگئیں اور انہیں سری لنکا کی بحریہ نے گرفتار کرلیا۔ انہیں جافنا کی عدالت کے سامنے پیش کیا گیا۔ ایک ماہی گیر کو آبی حدود پار کرنے کیلئے دوبارہ حراست میں لیا گیا اور ایک سال قید کی سزا سنائی گئی ایک اور ماہی گیر کو عدالت کی جانب سے چھ ماہ کی سزا سنائی گئی۔ باقی ماہی گیروں کو رہا کردیا گیا اور انہیں سات روز پہلے بھارتی ہائی کمیشن کے عہدے داران کے سپرد کردیا گیا تھا۔ سبھی اُنیس ماہی گیر پرواز کے ذریعہ چنئی پہنچ گئے ہیں۔

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش کے کچھ حصوں کے لئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔
مدھیہ پردیش ، چھتیس گڑھ اور مدھیہ مہاراشٹر کے بعض حصوں میں اِس مہینے کی 13 تاریخ تک تیز ہواؤں کے ساتھ اوسط درجے کی بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ یہ تیز ہوائیں 50 کلو میٹر تک فی گھنٹے کی رفتار سے چل سکتی ہیں۔
جنوبی بھارت میں تلنگانہ، کیرالہ اور پدو چیری میں اگلے چھ دن کے دوران اِسی طرح کے حالات جاری رہیں گے۔
بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چار دن کے دوران مشرقی بھارت کے کچھ حصوں میں دن کے درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ تین سے پانچ ڈگری تک اضافہ ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

**Chess**

شطرنج میں بھارت کے ڈی گوکیش نے کل کنیڈا کے ٹورنٹو میں نجات اباسوو کو پانچویں دور میں ہرادیا۔ گوکیش، سرکردہ امیدواروں کے اس ٹورنامنٹ میں مقابلہ کرنے والے دوسرے سب سے کم عمرکھلاڑی ہیں۔ اس دوران ان کے ساتھی کھلاڑی پرگیا نند اور وِدت گجراتی دونوں کے مقابلے برابری پر ختم ہوئے۔

**IPL Cricket**

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات چندی گڑھ میں ایک سنسنی خیز مقابلے میں سن رائزرحیدرآباد نے پنجاب کنگس کو دو رن سے ہرادیا ۔ پنجاب کنگس کو 183 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا اور اس کی ٹیم مقررہ بیس اوورس میں چھ وکٹ کے نقصان پر 180 رن ہی بناسکی۔ پنجاب کے لئے ششا نک سنگھ نے 25 گیندوں میں46 رن بنائے۔

حیدرآباد کے لئے نتیش ریڈی نے37 گیندوں میں 64 رن اسکور کئے۔ انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قراردیا گیا۔
آج جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز کا مقابلہ گجرات ٹائٹن سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆